SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# **PRESS RELEASE**

For immediate release

May 16, 2024

ایس ای سی پی نے ڈیجیٹل لینڈنگ کمپنیوں کے ریگولیٹری فریم ورک میں ترامیم کر دیں

اسلام آباد، 16 مئی: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ڈیجیٹل ایپس کے لئے قرض فراہم کرنے والی نان بینکنگ فنانس کمپنیوں کے ریگولیٹری فریم ورک میں اہم ترامیم متعارف کروا دیں ہیں ۔ نئے فریم ورک میں کمپنیوں نئی مالیاتی پروڈکٹس جیسے اقساط پر اشیاء کی خریداری (ایمبیڈڈ فنانس ) ، بعد از خریداری قیمت کی اقساط میں ادائیگی ، اور نجی کمپنیوں کی ملازمین کو ایڈوانس تنخواہ وغیرہ کی سہولت متعارف کروا سکیں گے۔
ایس ای سی پی نے نان بینکنگ سیکٹر کے اسٹیک ہولڈرز کی مشاور ت کے ساتھ ڈیجیٹغل لینڈنگ کے شعبے میں جدت لانے اور صارفین کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے موجودہ فریم ورک کا از سر نو جائزہ لیا اور نئے تقاضوں پر مشتمل سرکلر 12 جاری کر دیا ہے۔ نئے سرکلر میں پہلے سے جاری کئے گئے سرکلرز کے تقاضوں کو بھی مجتمع کر دیا گیا ہے۔

نظرثانی شدہ فریم ورک میں قرض لینے والوں کی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے ، قرض کی شرائط اور معلومات کی فراہمی اور سائبر سیکیورٹی کے تقاضوں کو مزید مستحکم و مربوط بنایا گیا ہے ۔ علاوہ ازیں ، ان ڈیجیٹل لینڈنگ کمپنیوں کو چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے لیے بزنس ٹو بزنس فنانسنگ اور دیگر مالیاتی پراڈکٹ بھی متعارف کروا سکیں گے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005